Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ر رمضان المبارک ۱۳۳۵ھ مطابق ۹ر جولائی ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	اضافہ اہلمد کونسل خاندان	۱
۲	رخصت بخشی صاحب فوج	۲
۳	تبدیل تاریخ امتحان وکلا	۲
۴	معطلی ملا پرشاد وکیل	۲
۵	نسبت انتظام دواخانہ خاص	۲
۶	نقشہ بارش و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۷ر جون ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ ممبر صاحبان کونسل خاندان سید وزیر علی اہلمد کونسل خاندان کی تنخواہ یاب گیارہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین نو روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۷ جون ۱۹۱۶ء

رخصت یکمہنہ بخشی کوچ ۳۰ جون سے بغرض روانگی ہیرو بحالت بذمہ داری پیشکار و ناظر بخشی گری منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۲۴ جون ۱۹۱۶ء

حسب درخواست امجد علیخان و سید علاؤ الحق امیدواران وکالت مصدقہ صاحب جج بہادر بالتوائے تاریخ سابقہ تقرر زمانہ امتحان ماہ دسمبر ۱۹۱۶ء بوجہ گرمی و آمد رمضان شریف منظور کیا گیا۔ تاریخ امتحان و طریقہ امتحان کی نسبت علیحدہ حکم صادر ہوگا۔ جن امیدواران کی درخواستیں شرکت امتحان عدالت ججی میں پیش ہو چکی ہیں انکو عدالت ججی سے بذریعہ اطلاع دیجائیگی

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع یکم جولائی ۱۹۱۶ء

لالتا پرشاد وکیل ولد منشی منوہر لال کی کارروائی بمقدمہ ابتدائی دیوانی نمبری ۹۴ منفصلہ ۵ ستمبر ۱۹۱۶ء مابین علیخان مدعی بنام سردار احمد خان وغیرہ دعوے زر رہن میں ناقص اور خراب پائے گئے۔ جو کسی طرح اوسکے پیشہ وکالت کے مناسب نہ تھے۔ لہذا وکیل مذکور معطل کیا جائے اور اسکو آگاہ کیا جائے۔ کہ جو مقدمات اوسکے وکالت میں ہوں اور اپنے موکلوں سے جو رقم محنتانہ اوسنے لی ہو وہ واپس کردے تاکہ فریقین معاملہ اپنے مقدمات کی پیروی کا انتظام کرلیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب ضابطہ فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۷ جون ۱۹۱۶ء

مثل حکم اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بابت منظوری تقرر زائد محرر در دواخانہ خاص بشمولیت و صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

بابت واپسی عتیق الرحمن خان وغیرہ بر املدی اوقاف۔

حکم ہوا کہ

۱۔ سید لطافت علی املد اوقاف اپنا کام خود انجام دیں۔ مبلغ اٹھائیس روپیہ ماہوار جو تنخواہ اونکی تھی وہ بدستور پائیں گے۔

۲۔ عتیق الرحمن خان نے کام املدی اوقاف اس زمانہ میں اچھا انجام دیا۔ اونکے کام سے اطمینان رہا۔ وہ املدی اوقاف سے املدی جانچ کمیٹی ذات خاص پر تبدیل ہوں۔ پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ اپنی پائیں گے۔

۳۔ احمد الدین املد جانچ بمشاہرہ آٹھ روپیہ ماہواری موجودہ تنخواہ خود محرری جدید دواخانہ خاص پر تبدیل ہوں۔ یہ محرری زائد از نوٹ ہے جسکی منظوری شامل ہے دواخانہ خاص کے حسابات تمام و کمال مثل دیگر کارخانہ جات کے آئندہ مرتب ہونگے۔ رجسٹر ہر قسم کے کھولے جائیں واصلباقی اجلاس کے مرتب ہوگی۔

۴۔ کفایت اللہ دواساز بمشاہرہ دو روپیہ ماہواری تحویلدار دواخانہ خاص مقرر ہو۔ اوسکی جگہ کسی کے تقرر کی ضرورت نہیں ہے۔

۵۔ شرافت علیخان دواساز شرافت اللہ خان دواساز کا عوض ہے شرافت اللہ خان آٹھ روپیہ پاتا تھا۔ شرافت علیخان بمشاہرہ چھ روپیہ ماہوار باخراج نام شرافت اللہ خان مستقل مقرر کیا جائے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یکم جولائی ۱۹۱۶ء سے عملدرآمد کیا جائے

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۲۹ جون لغایتہ ۵ جولائی سنہ ۱۹۱۷ء

تاریخ و دن	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزونی	تعداد خط	افزونی	تعداد خط	افزونی	تعداد خط	افزونی	تعداد خط	افزونی	تعداد خط	افزونی
۲۹ جون سنہ ۱۹۱۷ء یوم جمعہ	۰	۸	۰	۳۵	۰	۲۲	۰	۱۰	۳	۱۲	۰	۲۳
۳۰ ״ ״ شنبہ	۰	۸	۰	۳۵	۰	۲۲	۰	۱۰	۳	۱۲	۰	۲۳
یکم جولائی سنہ ۱۹۱۷ء یکشنبہ	۰	۸	۰	۳۵	۰	۲۲	۰	۱۰	۳	۱۲	۰	۲۳
۲ ״ ״ دوشنبہ	۰	۰	۳	۳۸	۲	۲۴	۰	۱۰	۰	۱۲	۱۴	۳۷
۳ ״ ״ سہ شنبہ	۰	۸	۰	۳۸	۱۱	۷۵	۰	۱۰	۰	۱۲	۰	۳۷
۴ ״ ״ چہارشنبہ	۱۵ ۱ ۵	۲۲ ۱ ۵	۷	۳۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۰	۲۴	۴۰	۸	۴۵
۵ ״ ״ پنجشنبہ	۲۱۵	۲۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	״	۲۰	۳۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۱	۴۶

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲ جولائی سنہ ۱۹۱۷ء لغایتہ ۸ جولائی سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۱۰ ۱۰ ر	۱۰۹ ر	۱۰ ۱۰ ر	۱۱ ۱۰ ر	۹ ۱۰ ر	
نخود و نیم خالص		۱۳ ۱۰ ر	۱۰۱۳ ر	۱۰۱۳ ر	۱۳ ۱۰ ر	۱۰۱۲ ر	
نخود و گیہوں ملے		۱۰۱۳ ر	۱۳ ۱۰ ر	۱۰۱۵ ر	۱۰۱۷ ر	۱۳ ۱۰ ر	
سیلہ		۰	۱۰۱۳ ر	۱۰۱۳ ر	۱۰۱۶ ر	۱۳ ۱۰ ر	
ارہر		۰	۸ ۱۰ ر	۱۰۱۰ ر	۸ ۱۰ ر	۱۰۷ ر	
موٹھ		۰	۸ ۱۰ ر	۰	۸ ۱۰ ر	۱۰۷ ر	
مونگ		۰	۱۰۱۲ ر	۰	۱۳ ۱۰ ر	۰	
چنا		۰	۱۰۱۳ ر	۱۰۱۷ ر	۱۰۳۰ ر	۱۵ ۱۰ ر	
لوبیا		۰	۱۰۱۲ ر	۱۰۱۲ ر	۱۳ ۱۰ ر	۱۲ ۱۰ ر	
مسور		۰	۱۰۱۰ ر	۱۰۱۰ ر	۱۰۱۰ ر	۸ ۱۰ ر	
اڑد		۰	۱۵ ۱۰ ر	۰	۱۵ ۱۰ ر	۱۳ ۱۰ ر	
برنج		۱۰۶ ر	۱۰۶ ر	۶ ۱۰ ر	۱۰۶ ر	۶ ۱۰ ر	
روغن زرد	۰	۱۰۱۰ ر	۱۰۱۰ ر	۱۰۱۰ ر	۱۰ ۱۰ ر	۰	
روغن سیاہ		۲ ۱۰ ر	۲ ۱۰ ر	۲ ۱۰ ر	۲ ۱۰ ر	۱۰۲ ۱۰ ر	
روغن کنجد		۱۰۲ ر	۱۰۲ ر	۲ ۱۰ ر	۱۰۲ ر	۲ ۱۰ ر	
نمک سانبھر		۱۰۱۲ ر	۱۰۱۲ ر	۱۱ ۱۰ ر	۱۲ ۱۰ ر	۱۰۱۲ ر	
نمک لاہوری		۹ ۱۰ ر	۸ ۱۰ ر	۸ ۱۰ ر	۱۰ ۱۰ ر	۹ ۱۰ ر	
قند سیاہ		۰	۱۰۴ ر	۱۰۴ ر	۴ ۱۰ ر	۴ ۱۰ ر	
باجرہ		۰	۰	۰	۱۰ ۱۰ ر	۰	

(اسسٹنٹ پریس رامپور)